PERSIAN NOTES FOR 1st YEAR CLASS (PUNJAB)

درس اول

پہلا سبق

ترجمہ سورہ الحمد

(سورہ الحمد کا ترجمہ)

مصنف: ڈاکٹر مصطفیٰ خرم دل

متنِ فارسی:

به نام خداوند بخشنده مهربان

ستایش خداوندی را سزا است که پروردگارِ جهانیان است. بخشنده مهربان است. مالکِ روزِ سزا و جزا است. تنها تو رامی پرستیم و تنها از تو یاری می طلبیم. ما را به راه راست راهنمایی فرما. راه کسانی که بدانان نعمت داده ای، نه راه آنان که برایشان خشم گرفته ای، ونه راه گمراهان و سرگشتگان.

☆ ☆ ☆

مشکل الفاظ کے معانی

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
سورۃ	سورت	می طلبیم	ہم طلب کرتے ہیں
الحمد	فاتحہ	ما را	ہمیں
بہ نام	کے نام سے	راہ راست	سیدھا راستہ
خداوند	اللہ تعالیٰ	راھنمایی فرما	رہنمائی کر
بخشندہ	بخشنے والا	راہِ کسانی	ان لوگوں کا راستہ
ستایش	تعریف	بدانان	ان پر
سزا	قابل، لائق	راہ آنان	ان کا راستہ
پروردگارِ جہانیان	جہانوں کو پالنے والا	برایشان	ان پر
سزا و جزا	سزا اور انعام	خشم گرفتہ ای	تو ناراض ہوا ہے
می پرستیم	ہم پرستش کرتے ہیں	گمراھان	گمراہ کی جمع
یاری	مدد	سرگشتگان	بھٹکے ہوئے لوگ

☆ ☆ ☆

ترجمہ:

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے۔

تعریف اس خدا کو زیب دیتی ہے جو (تمام) جہانوں کا رب ہے۔ (وہ) بخشنے والا مہربان ہے، (وہ) جزا اور سزا کے دن کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے مدد چاہتے ہیں۔ ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا نہ کہ ان لوگوں کا راستہ جن سے تو ناراض ہوا اور نہ گمراہوں اور بھٹکے ہوئے لوگوں کا راستہ۔

☆ ☆ ☆

۱

PERSIAN NOTES FOR 1st YEAR CLASS (PUNJAB)

تمرین کا حل

(۱)

سوال۱: ''مالکِ روزِ سزا وجزا'' سے کیا مراد ہے؟

جواب: ا ۔ کے لفظی معنی ہیں سزا اور جزا کے دن کا مالک۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالی روز محشر کا مالک ہے۔ دین اسلام کے مطابق روز محشر وہ دن ہے جب ہر کسی کے اعمال کا حساب کیا جائے گا۔ جن لوگوں نے اس دنیا میں اچھے اعمال کیے ہوں گے ان کو اس کے بدلے میں اچھا صلہ ملے گا اور جنت میں جگہ دی جائے گی۔ جن لوگوں نے برے اعمال کیے ہوں گے ان کو سزا دی جائے گی اور دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔

سوال۲: اللہ نے ان لوگوں کو نعمتوں سے نوازا ہے؟

جواب: اللہ تعالی نے ہمیشہ ان لوگوں کو نعمتوں سے نوازا ہے جو اس کے بتائے ہوئے سیدھے راستے پر چلتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو متقی ہیں خود بھی نیکی کے راستے پر چلتے ہیں اور دوسروں کو بھی نیکی کی ہدایت کرتے ہیں۔ وہ نہ صرف خود برائی سے دور رہتے ہیں بلکہ دوسروں کو بھی برائی سے دور رہنے کی تلقین کرتے ہیں۔

سوال۳: اس سبق میں اللہ کی کون کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟

جواب: ۱۔ اللہ بخشنے والا ہے۔ ۲۔ وہ مہربانی کرنے والا ہے۔
۳۔ تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ ۴۔ یوم آخرت کا مالک ہے۔

سوال۴: اللہ کا قہر وغضب کن لوگوں کے لیے ہے؟

جواب: اللہ کا قہر وغضب ان لوگوں کیلئے ہے جو اللہ کے بتائے ہوئے سیدھے راستے سے بھٹک جاتے ہیں اور شیطان کی پیروی کرتے ہیں۔ گناہوں اور برائیوں کے مرتکب ہوتے ہیں۔ کفر، شرک اور منافقت کا راستہ اختیار کرتے ہیں۔ توبہ کرنے کی بجائے بار بار برائی کا ارتکاب کرتے ہیں۔

سوال۵: ہمیں کن لوگوں کے راستے پر چلنا چاہیے؟

جواب: ہمیں پرہیزگار اور متقی لوگوں کے راستے پر چلنا چاہیے۔ وہ لوگ جن کا ہر قول وفعل خدا کی رضا کے مطابق ہوتا ہے۔ جن کو اللہ تعالی کی طرف سے انعام دیا گیا ہے۔ انہی لوگوں کے راستے پر چلنے میں ہماری کامیابی ہے۔

☆ ☆ ☆

(۲)

سوال۱: بخشندہ (بخش+ندہ) جیسے پانچ الفاظ لکھیے۔

جواب:

خوانندہ (خوان+ندہ)	پڑھنے والا یا گانے والا
دھندہ (دہ+ندہ)	دینے والا
برندہ (بر+ندہ)	جیتنے والا
دوندہ (دو+ندہ)	دوڑنے والا
بینندہ (بین+ندہ)	دیکھنے والا
سازندہ (ساز+ندہ)	ساز بجانے والا
خورندہ (خور+ندہ)	کھانے والا

سوال۲: گمراہ کی جمع گمراھان ہے تو سرگشتہ کی سرگشتگان کیوں ہے؟

جواب: ایسے جاندار اسم جن کے آخر میں ''ہائے مختفی'' موجود ہو انہیں جمع بنانے کے لیے ان کی آخری ''ہ'' حذف کر کے اس کی جگہ ''گ'' لگا دی جاتی ہے اور پھر ''ان'' کا اضافہ کرتے ہیں۔ مثلاً سرگشتہ، بچہ، آوارہ وغیرہ۔ ان کی جمع بنانے کیلیے ''ہ'' کو ہٹا کر اس کی جگہ ''گ'' لگایا جاتا ہے اور پھر جمع کی علامت ''ان'' لگائی جاتی ہے۔ اس طرح سرگشتہ سے سرگشتگان، بچہ سے بچگان اور آوارہ سے آوارگان بن جاتا ہے۔

سوال۳: مندرجہ ذیل افعال کیا ہیں؟ صیغے بھی بیان کیجیے۔ می پرستیم، دادہ ای، فرما

جواب:

الفاظ	افعال	صیغے
می پرستیم (ہم پرستش کرتے ہیں)	فعل حال اخباری	جمع متکلم
دادہ ای (تونے دیا ہے)	ماضی نقلی یا ماضی قریب	واحد حاضر
فرما (کر)	فعل امر	واحد حاضر

معروضی سوالات

1: کثیر الانتخابی سوالات (Multiple Choice Questions)

☆ ہر سوال کے نیچے چار ممکنہ جواب دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ درست جواب پر نشان (✓) لگایئے:

-1 ☆ ''مالک روز سزا و جزا'' کا کیا معنی ہے؟
(الف) سزا اور جزا اس کے لیے ہے (ب) سزا اور جزا کے دن کا مالک ✓ (ج) مالک سزا اور جزا نہیں دیتا (د) سزا اور جزا پر اختیار نہیں رکھتا

-2 ☆ سورۃ الحمد کا فارسی ترجمہ کس نے تحریر کیا ہے؟
(الف) سعدی شیرازیؒ (ب) مولانا رومؒ (ج) ڈاکٹر مصطفیٰ خرم دل ✓ (د) ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ

-3 ☆ ''سرگشتگان'' کا معنی ہے:
(الف) گمراہ لوگ ✓ (ب) بیمار لوگ (ج) بزدل لوگ (د) شرمندہ لوگ

-4 ☆ ''بخشندہ'' کا معنی ہے:
(الف) بخشا ہوا (ب) بخشنے والا ✓ (ج) بخشش کا طالب (د) بخشش کا حقدار

-5 ☆ ہمیں کن لوگوں کے راستے پر چلنا چاہیے؟
(الف) مالدار (ب) رشتہ دار (ج) پرہیزگار ✓ (د) تجربہ کار

☆☆☆☆☆